| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | پلے گروپ (دسواں ہفتہ) | **موضوع:** | حرف 'خ' | **دن:** | پہلا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'خ' کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے، نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ا تا ج کا تلفظ صوتی آواز ار اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حروف فلیش کارڈ اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'خ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:** بچوں کو حرف 'خ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'خ' ہے۔ اس کی شکل بھی ج، چ، ح جیسی ہے مگر اس کے سیر پر ایک نقطہ آتا ہے۔ حرف 'خ' حروف تہجی کا گیارہواں حرف ہے۔ بچوں کو خرگوش کی بڑی تصاویر دکھا کر پوچھا جائے گا۔ یہ کونسا جانور ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ خرگوش کو گھر کھانا پسند ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ خرگوش کی ابتدائی آواز 'خ' ہے۔ 'خ' کی صوتی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'خ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'خ' کے ذخیرہ الفاظ (خوبانی، خربوزہ، خرگوش، خط) فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو حرف 'خ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں سے ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔ جس میں وہ حرف ج اور 'خ' میں سے حرف 'خ' کی نشاندہی کریں گے بچوں سے خ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 64 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حرف 'خ' پر انگلی پھیرنے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔ صفحہ نمبر 65 پر 'خ' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | ہوپ سکوچ گیم<br>کتاب صفحہ 65,64 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے 'خ' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (دسواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'خ' کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی بچوں کو حرف 'خ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف اور اشیاء کے فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'خ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایئے آج ہم حرف 'خ' کی نظم سنائیں گے۔<br>خرگوش میاں، خرگوش میاں کہاں گئے تھے؟ گاجر کی ٹوکری میں سو رہے تھے<br>گاجر نے ٹانک ماری رو رہے تھے امی نے پیار کیا ہنس رہے تھے<br>حرف 'خ' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 67 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اشکال کو نقطوں کی مدد سے مکمل کرنے اور رنگ بھرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ کتاب صفحہ نمبر 66 'خ' کے گرد دائرہ لگا کر خطوط جمع کرنے میں خاور کی مدد کرنے کو کہا جائے گا۔ **خ سے خرگوش:** | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 66,67<br>پیپر کپ، سفید چارٹ، پیپر گوگلی آنکھیں، گلو | |
| | بچوں کو پیپر کپ، ناک، آنکھوں اور کان کے کٹ آؤٹس دیئے جائیں گے بچوں کی خرگوش بنانے میں مدد کی جائے گی بچوں سے خرگوش کی ابتدائی آواز بار بار پوچھی جائے گی۔<br>**ہوم ورک:** کتاب صفحہ نمبر 68 کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (دسواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'خ' کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'خ' کا تلفظ اُس کی آواز اور شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'خ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'خ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'خ' کی کہانی سنیں گے۔<br>خالد نے ایک دن خواب میں دیکھا کہ ان کے گھر ڈاکیا ایک خط لایا ہے۔ جب خالد نے وہ خط اپنی امی کو دیا تو اس کی امی بہت خوش ہوتیں کیونکہ اس میں لکھا تھا کہ خالد کی خالہ اور خالو خانہ کعبہ جارہے ہیں خالد کی والدہ نے خالہ کو فون کر کے مبارک باد دی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے Salt Tray پر حرف خ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے خ کے نقطوں کی تعداد پوچھی جائے گی۔ سفید بورڈ/ تختہ سیاہ پر آم، انگور، خوبانی، خربوزہ، کیلا کی تصاویر پر چسپاں کیے جائیں گی اور بچوں سے 'خ' سے شروع ہونے والے پھلوں کے گرد دائرہ لگوایا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 69 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'خ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 69<br>Salt Tray | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'خ' کون سے حرف کے بعد آتا ہے؟ 'خ' کون سے حرف کے بعد آتا ہے؟ 'خ' کے اوپر کتنے نقطے آتے ہیں؟ خربوزہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (دسواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'خ' کی پہچان کر سکیں اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'خ' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'خ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'خ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'خ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'خ' کے مزید الفاظ جائیں گے۔ بچوں کو خانہ کعبہ خواب اور خیمہ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے اور ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر 'خ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ بچوں سے ہوا میں 'خ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے خانہ کعبہ خط، خواب کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (دسواں ہفتہ) | موضوع: | دہرائی (ج تا خ) | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ج تا خ' کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ بتاسکیں۔ | بچوں کو حروف 'ج تا خ' کے فلیش کارڈ دکھا کر حروف کی پہچان اور صوتی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حروف 'ج تا خ' سے شروع ہونے والی تصاویر دکھا کر ان کے نام اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی ۔بچوں سے حروف ج تا خ ہوا میں لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ پر حروف 'ج تا خ' کے فلیش کارڈز چسپاں کریں۔ بچوں سے آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کو کہا جائے گا کسی ایک حرف کو بورڈ پر سے ہٹا دیا جائے گا۔ آنکھیں کھولتے ہی جو بچہ پہچان لے گا کہ کون سا حرف ہٹایا گیا ہے وہ جیت جائے گا۔ تمام بچوں کو اس سرگرمی میں شامل کیا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 71 کھولنے کو کہا جائے گا تصاویر کو پہچان کر درست حرف کے گرد دائرہ لگانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ج تا خ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر حرف 'خ' پر پنسل پھیریے۔ کتاب صفحہ 70 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حروف فلیش کارڈ (ج تا خ) اشیاء فلیش کارڈ (ج تا خ) کتاب صفحہ 71,70 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح تا خ' کی پہچان صوتی آواز اور ان سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |